Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۹) مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۹ ربیع الاول ۱۳۵۴ھ مطابق ۸ جون ۱۹۳۵ء جلد

حصۂ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل رامپور

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- مورخہ ۳۱ مئی ۱۹۳۵ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ کرنل ڈی ہیرس صاحب آر ی منسٹر بہادر کی مدت ملازمت ۲۴ مئی ۱۹۳۵ء کو ختم ہوگئی۔ ایک سال کی توسیع ملازمت کے لئے گورنمنٹ کو تحریک کی گئی تھی۔ جو منظور ہوگئی۔ لہذا حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر تاریخ ختم مدت ملازمت سے بشرائط موجودہ ایک سال کی توسیع منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- مورخہ یکم جون ۱۹۳۵ء

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے
بتقریب سالگرہ ہز مجسٹی ملک معظم قیصر ہند حسب ذیل
پانچ قیدیان کو جیل سے رہا کیا جانا منظور ہے۔
۳ جون کو حسب قاعدہ رہا کیا جائے۔

نمبر شمار	نام قیدی مع ولدیت	جرم
۱	حیدر علی خاں ولد عنایت علیخاں	دفعہ ۴۰۳ تعزیرات رامپور
۲	عبدالحمید خاں ولد محمد فیاض خاں	دفعہ ۴۵۷ و ۴۱۱-۱۲۰ تعزیرات رامپور
۳	مشتاق احمد ولد مقبول احمد	دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور
۴	مسماۃ امیرن بنت بدھی زوجہ غلام حسین	دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور
۵	دیبی پرشاد ولد ذوقی رام	دفعہ ۳۱۴ تعزیرات رامپور

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔
ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل مرسلہ۔
براہ کرم حسب منشائے حکم ہمایوں تعمیل کیجائے۔ ایک نقل سررشتہ سے برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے

۴ جون ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-
مسوری واقع ۳ رجون ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

نزدیہ عرضداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر
باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ
چہ یوم مطلوبہ کپتان ابن حسن صاحب کمپنی کمانڈر
سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری - از ۸ ر لغایت ۱۳ ر
جون ۱۹۳۵ء - بغرض روانگی بمقام بجنور
بدیں صراحت کہ ان کے کام کا انتظام
کردیا گیا ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ کپتان ابن حسن کمپنی کمانڈر سکنڈ رامپور
مرتضیٰ انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ چہ یوم ۸ ر لغایت
۱۳ رجون ۱۹۳۵ء منظور ہے۔ سررشتہ صادر سے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

حکم :-
واقع ۳ رجون ۱۹۳۵ء

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ حسب استدعائے صاحب
آرمی منسٹر بہادر اسٹیٹ بینڈ کو ۵ رجون ۱۹۳۵ء سے ایک ماہ
کی رخصت دی جانا منظور ہے۔ رجمنٹل بینڈ س کو رخصت
نہ دیجائے۔ تاکہ روزانہ کے کام میں حرج نہ ہو۔ جب اسٹیٹ بینڈ
رخصت سے واپس آجائے تو رجمنٹل بینڈس کو رخصت دیجائے

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

بمنشائے حکم ہمایوں صادرہ ۳ رجون ۱۹۳۵ء آرمی آرڈر جاری
ہو۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر

حکم :-
واقع ۳ رجون ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔
حسب استدعائے صاحب آرمی منسٹر بہادر میجر
عمران شاہ خاں - کپتان صاحبزادہ سید اصغر علیخاں
بہادر - وکپتان فضل القادر خاں فرسٹ رامپور
رضا انفنٹری کی رخصت دو ماہ ایک ایک ماہ یوم
استفادہ سے منظور ہے۔
اس امر کا لحاظ رکھا جائے کہ بیک وقت ⅓
سے زیادہ کو رخصت نہ دیجائے۔

بمنشائے حکم ہمایوں صادرہ ۳ رجون ۱۹۳۵ء آرمی
آرڈر ہذا جاری ہو
ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو
۳ رجون ۱۹۳۵ء

دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر

حکم :-
واقع ۳ رجون ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔
حسب استدعائے صاحب آرمی منسٹر بہادر لفٹنٹ
کیشبت گورکھا کمپنی کی رخصت ۹ یوم ۲۷ رمئی ۱۹۳۵ء
سے منظور ہے

بمنشائے حکم ہمایوں صادرہ ۳ رجون ۱۹۳۵ء آرمی آرڈر ہذا
جاری ہو۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔
۳ رجون ۱۹۳۵ء — دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل
مورخہ ۴ جون ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم جون ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب فائنانس منسٹر بہادر بابتہ اضافہ جات ملازمان فائنانس ڈپارٹمنٹ تنظیم کام فائنانس آڈٹ۔ خزانہ و پنشن بوجہ تخفیف عہدہ اکاونٹنٹ جنرل و اجرائے پنشن پیش ہو کر طے پایا کہ:

حسب تجویز منسلکہ نہا العراحت تحت منظوری دیجاتی ہے اخراجات اندرون بجٹ ہیں۔ اوران تجاویز کے عمل درآمد سے بجٹ پر کوئی بار نہ پڑے گا۔

منشی عبدالعزیز خاں سینیر سپرنٹنڈنٹ یکم مئی ۱۹۳۵ء سے اکاونٹنٹ سیکشن میں کام کر رہے ہیں۔ لہذا یکم مئی ۱۹۳۵ء سے پچیس روپیہ ماہوار اُن کو اضافہ دیا جائے۔ اب اون کا عہدہ سینیر سپرنٹنڈنٹ اکاونٹ و پنشن رہے گا۔

چونکہ منشی عبدالعزیز خاں کی خدمات گورنمنٹ سے ریاست میں بطور مستعار حاصل کی گئی ہیں۔ اس لئے اضافہ کے لئے گورنمنٹ سے مراسلت کی جائے

تفصیل اضافہ جات و عہدہائے ملازمان

نمبر شمار	نام	عہدہ سابق	عہدہ حال	تنخواہ موجودہ	اضافہ	کل
۱	منشی محمود شاہ بیگ	سپرنٹنڈنٹ آڈٹ	سپرنٹنڈنٹ فائنانس	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲	محمد نبی خاں	اکاونٹنٹ فائنانس	سپرنٹنڈنٹ آڈٹ	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۳	مشہود حسن	اکاونٹنٹ فائنانس	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۴	مسعود احمد	آڈیٹر	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۵	لچھمن لال	گماشتہ	خزانچی	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۶	ارشاد علیخاں	ایضاً	آڈیٹر	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۷	سید شبیر علی	ڈسپیچر	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۸	بدرالعرب	ناظر	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۹	بدرالدین	ایضاً	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۰	عبدالرحمن خاں	ایضاً	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۱	ہر سروپ	ایضاً خزانہ	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۱۲	نراین داس	ایضاً آڈٹ	۔	[illegible]	[illegible]	[illegible]

۱۳	منظور حسین	اہلمد محافظ خانہ		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۴	سلطان حسن خاں	اہلمد		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۵	احمد جان خاں	سائیکل سوار	اہلمد کا کام بھی کرتے ہیں	[illegible]	[illegible]	[illegible]	آئندہ اہلمد رہینگے
۱۶	غلام محمد	چپراسی		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۷	منبر شاہ خاں	اہلمد پنشن		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
						[illegible]	

اضافہ جات مصرحہ بالا کی کل مجموعی رقم [illegible] ماہانہ ہوتی ہے۔

حکم ہوا کہ

رشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل رامپور

واقع ۴ر جون ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۴ر جون ۳۵ء میں تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر بابت انتظام کام محافظ خانہ سیکشن نمبر ۲ بسلسلہ تخفیف منشی احمد یار خاں محافظ دفتر پیش ہو کر طے پایا کہ:۔

منشی احمد یار خاں محافظ دفتر مشاہرہ دار پچاس روپیہ ماہوار یکم مئی ۱۹۳۵ء سے ریٹائر کئے گئے ہیں منجملہ پچاس روپیہ کے بیس روپیہ ماہوار کی رقم بجٹ میں منظور ہوئی ہے۔ لہذا حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) منظور حسین خاں معاون محافظ دفتر کو بہ تنخواہ موجودہ محافظ دفتر فوجداری کیا جاتا ہے۔ اور تا وقتیکہ محافظ خانہ پولیس صیغہ پولیس کو منتقل ہو اس کے بھی انچارج رہینگے۔

(۲) محمد رفیق خاں معاون محافظ دفتر مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار کو باضافہ دو روپیہ ماہوار محافظ دفتر دیوانی مقرر کیا جاتا ہے۔

(۳) مشتاق علیخاں محرر کی موجودہ تنخواہ [illegible] ماہانہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے

(۴) محمد صدیق خاں دفتری کی موجودہ تنخواہ [illegible] آٹھ آنہ ماہانہ میں بوجہ قلت تنخواہ دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔

(۵) بقیہ پندرہ روپیہ ماہوار پر باتفاق رائے صیغۂ فائنانس شیخ عبد الحمید تخفیف شدہ کا بعہدۂ محرری جدید تقرر منظور ہے۔ انتظام مصرحہ بالا سے بجٹ متعلقہ پر کوئی بار نہیں پڑیگا۔

حکم ہوا کہ

رشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط فار صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۹ / جون ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ / جون ۱۹۳۵ء میں کاغذات رخصت رعایتی ایک ہفتہ یوم از ۸ / جون ۱۹۳۵ء بابو رگھونندن کشور صاحب اسسٹنٹ ایڈوکیٹ پیش ہوکر طے پایا کہ :-

بابو رگھونندن کشور صاحب اسسٹنٹ ایڈوکیٹ کی رخصت رعایتی ایک ہفتہ ۸ / جون ۱۹۳۵ء سے منظور ہے ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط فار صاحب سکریٹری بہادر

اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۷ / جون ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ / جون ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب ہوم ممبر بہادر بابت منظوری رخصت رعایتی ایکماہ از یوم استفادہ سپرنٹنڈنٹ صاحب باغات پیش ہوکر طے پایا کہ :-

بضرورت ذاتی سپرنٹنڈنٹ صاحب باغات کی رخصت رعایتی ایک ماہ یوم استفادہ سے منظور ہے صاحب ہوم ممبر بہادر رخصتی کے کام کا انتظام فرمادیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط فار صاحب سکریٹری بہادر

اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۷ / جون ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ / جون ۱۹۳۵ء میں کاغذات توسیع مدت ملازمت مسٹر شوگوپال ہیڈ کلرک بندوبست مشاہرہ دار یک صد روپے از ۳ / جولائی ۱۹۳۵ء تا ۳۱ / دسمبر ۱۹۳۵ء پیش ہوکر طے پایا کہ

بوجہ عدم اختتام کار بندوبست مسٹر شوگوپال کی مدت ملازمت میں ۳ / جولائی ۱۹۳۵ء سے ۳۱ / دسمبر ۱۹۳۵ء تک توسیع منظور کی جاتی ہے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط فار صاحب سکریٹری بہادر

اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل

مورخہ ۹ / جون ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ / جون ۱۹۳۵ء میں کاغذات متعلق توسیع پانچ یوم از ۱۰ / اپریل تا ۱۴ / اپریل ۱۹۳۵ء در مدت ڈیپوٹیشن مسٹر شیو نرائن سکسینہ رورل چیف افسر دہ منیہ تنخواہ ایام مذکور پیش ہوکر طے پایا کہ :-

مسٹر شیو نرائن کی مدت ملازمت ۹ / اپریل ۱۹۳۵ء کو ختم ہوگئی تھی لیکن چارج ۱۴ / اپریل ۱۹۳۵ء کو دیا لہذا پانچ یوم کی توسیع منظور ہے ان پانچ ایام کی تنخواہ حسب ریونیو ڈپارٹمنٹ رولز کی بچت سے ادا کیجاتے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط فار صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر آف اسٹیٹ کونسل رامپور مورخہ ۶ رجون ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۶ رجون ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب چیف منسٹر بہادر بابتہ منظوری تقرر عارضی لیڈی ڈاکٹر مس شارود ا۔ ایم۔ بی۔ بی۔ ایس ساکن ضلع خیر بجائے لیڈی ڈاکٹر جانسٹن صاحبہ پیش ہو کر طے پایا کہ۔

قبل ازیں لیڈی ڈاکٹر جانسٹن صاحبہ مشاہرہ دار آٹھ سو (۸۰۰) روپیہ کی رخصت چھ ماہ بوضع نصف تنخواہ یکم مئی ۱۹۳۵ء سے منظور ہو چکی ہے اور حکم میں صراحت ہے کہ بشرط ضرورت اون کی بچت تنخواہ سے دوسری لیڈی ڈاکٹر کا غیر مستقل تقرر ہو سکتا ہے۔ لہذا لیڈی ڈاکٹر مس شارود ا ایم۔ بی۔ بی۔ ایس ساکن ضلع خیر کا تا ختم رخصت لیڈی ڈاکٹر جانسٹن صاحبہ عارضی تقرر بشرائط ذیل منظور ہے ان کو پرائیوٹ پریکٹس کی اجازت ہے۔ تنخواہ یوم کارکردگی سے دلائی جائے

(۱) دو سو (۲۰۰) روپیہ ماہوار تنخواہ اور چالیس (۴۰) روپیہ ماہانہ کنوینس الاونس دیا جائے گا۔ رہائش کے لئے جانسٹن صاحبہ کا بنگلہ دیدیا جائے۔

(۲) رامپور تک آنے کے لئے کرایہ ریل سکنڈ کلاس اور ایک ٹکٹ تھرڈ کلاس برائے ملازم دیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل